فوری ریلیز کے لیے: 7/9/2022 — گورنر KATHY HOCHUL

***گورنر HOCHUL نے ریاست نیویارک میں 2022 کی خزاں میں سبزے اور سفر کے موسم کے آغاز کا اعلان کر دیا ہے***

***ہفت روزہ I LOVE NY ملاحظہ کریں جس پر خزاں کے سبزے کی رپورٹس 14 ستمبر سے آغاز کرتے ہوئے، ہر بدھ کے روز یہاں دستیاب ہوں گی۔***

***مقبول موسمی پرکشش مقامات اور منزلوں کو پیش کرنے والی نئی نشریات اور ڈیجیٹل مارکیٹنگ مہم یہاں دیکھیں۔***

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست نیویارک میں 2022 کے موسمِ خزاں کے سبزے اور سفر کے موسم کے آغاز کا اعلان کیا ہے، جس میں I LOVE NY کی جانب سے خزاں کے سبزے کی رپورٹس کی دوبارہ اشاعت اور ایک نئی I LOVE NY براڈکاسٹ اور ڈیجیٹل مارکیٹنگ مہم پر روشنی ڈالی ہے تاکہ خزاں کی معروف سرگرمیاں اور پرکشش باتیں پیش کی جائیں۔ I LOVE NY نے اس سال کے پاتھ تھرو ہسٹری (ماضی کی رہگزر) والی ہفتہ وار تعطیل پر ریاست کے ثقافتی سیاحتی مقامات کے نیٹ ورک کے ساتھ بھی تعاون کیا ہے، جو کہ 8 سے 10 اکتوبر کو شیڈول کیا گیا ہے، جس میں ریاست کی وسیع تاریخ اور تاریخی مقامات پر خصوصی تقریبات اور سرگرمیاں منعقد کی جائیں گی۔

"رنگ برنگے سبزے اور بے‌مثل قدرتی نظاروں سے لے کر مبہوت کر دینے والے تاریخی مقامات اور اپنی نوع کے واحد ریاستی پارکس تک، خزاں میں کوئی چیز بھی نیویارک کے ہم پلہ نہیں ہو سکتی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اس موسم کے دوران، ہم نیویارک کے اندر سے اور ریاست کے باہر کے سیاحوں کو موسم خزاں کی ایک شاندار مہم جوئی کے لیے منصوبہ بندی کرنے کی دعوت دیتے ہیں - چاہے ایڈیرون ڈیک چوٹی سر کرنی ہو، لانگ آئی لینڈ کی وائنری کی سیر کرنی ہو، یا بفلو کے ساحلی کنارے پر چلنا ہو - اور دیکھیں کہ ہماری عظیم ریاست کیا کچھ پیش کرتی ہے۔"

خزاں کا موسم نیویارک میں سفر کا مقبول ترین موسم ہے، جو دنیا بھر سے ان مسافروں کو اپنی طرف متوجہ کرتا ہے جو ریاست بھر میں منفرد اور متنوع کمیونٹیز کو دریافت کرتے ہوئے مقامی کاروباروں کو نفع پہنچاتے ہیں۔ سیاحوں اور سبزے کے شوقین لوگوں کے لیے موسم خزاں گزارنے کا منصوبہ بنانے میں مدد کرنے کے لیے، ہفت روزہ I LOVE NY کی جانب سے سبز پودوں کی رپورٹس ہر بدھ کو شائع کی جاتی ہیں، جن کا آغاز 14 ستمبر سے ہو رہا ہے۔ انہیں ریاست کے چھٹیوں والے 11 علاقوں میں پتوں کا مشاہدہ کرنے والے 85 سے زائد رضاکاروں پر مشتمل I LOVE NY کی ٹیم کے آن لوکیشن فیلڈ مشاہدات کا استعمال کرتے ہوئے مرتب کیا گیا ہے۔ مشاہدہ کرنے والے یہ افراد اپنے علاقے میں رنگوں کی تبدیلیوں پر نظر رکھتے ہیں، جس میں یہ تفصیل شامل ہوتی ہے کہ پتے کے موجودہ رنگ، تبدیلی کی اندازاً شرح فیصد، اور پورے جوبن کے حالات کے مقابلے میں رنگ کی تبدیلی میں کتنی پیش رفت ہوئی ہے۔

ان رپورٹس میں باہم متعامل پودوں کا ایک نقشہ بھی شامل ہے، جو I LOVE NY کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے، جو پورے موسم کے دوران ریاست بھر میں ہفتہ وار تبدیلیوں اور پیش رفت کا حساب رکھتا ہے۔ اس نقشے میں ریاست کے چھٹیوں والے ہر ایک علاقے میں سبزے کو دیکھنے کے لیے تجویز کردہ مقامات، نیز کسی بھی مخصوص علاقے

میں بہترین سبزے کی مثالیں، اور مشہور مقامی اور علاقائی پرکشش مقامات کے بارے میں معلومات شامل ہوتی ہیں۔ اس سال کے نئے، سبزے کے باہم متعامل نقشے میں کھانے اور پینے، اور فنون اور ثقافت سمیت، زمرہ کے لحاظ سے پرکشش مقامات کو فلٹر کرنے کا اختیار شامل ہو گا۔

سیاحوں کو مدعو کیا جاتا ہے کہ وہ NYLovesFall# ہیش ٹیگ کا استعمال کرتے ہوئے ریاست نیویارک کے دلکش سبزے والی اپنی تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کریں۔ اس ہیش ٹیگ کے ساتھ پوسٹ کی گئی تصاویر کو I LOVE NY خزاں کے سبزے کی ویب سائٹ اور آفیشل I LOVE NY سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر بیس لاکھ سے زائد فالوورز تک پہنچنے کا موقع حاصل ہوتا ہے۔ I LOVE NY نے حال ہی میں ایک TikTok اکاؤنٹ لانچ کیا ہے تاکہ اپنےFacebook، Instagram اور Twitter پر موجودہ اکاؤنٹس میں اضافہ کرتے ہوئے، مزید ناظرین تک رسائی حاصل کی جائے۔

ریاست نیویارک میں، بالخصوص اس کے سائز اور مقام کی بدولت، سبزے کا موسم روایتی طور پر ملک کا سب سے طویل اور سب سے زیادہ رنگین موسم ہوتا ہے۔ ستمبر کے اواخر سے نومبر کے وسط تک کسی بھی ہفتہ وار تعطیل پر، ریاست کے کسی حصے میں ممکنہ طور پر کمال کا سبزہ رونق افروز ہو رہا ہوتا ہے۔ خزاں کے سبزے کی رپورٹس اور باہم متعامل نقشہ www.iloveny.com/foliage پر دستیاب ہے، یا امریکہ میں کسی بھی جگہ سے، اس کے علاقوں اور کینیڈا سے 800-CALL-NYS (800-225-5697) پر ٹول فری کال کریں۔

**امپائر اسٹیٹ ڈویلپمنٹ کی صدر، CEO اور کمشنر Hope Knight نے کہا،** "سیاحت، نیویارک کی معیشت کا ایک ستون ہے، اور فیملی فارمز اور چھوٹے کاروباروں کے لیے بطورِ خاص خزاں کی سفر و سیاحت بہت ضروری ہے، جو ریاست بھر میں بہت سی کمیونٹیز کے لیے ریڑھ کی ہڈی جیسی اہمیت رکھتی ہے۔ موسم خزاں میں ہر کسی کو مدعو کرتے ہوئے اور خوش آمدید کہتے ہوئے ہر ایک کے اپنے تہواروں، تحائف اور تقریبات کے ساتھ، نیویارک کے مختلف علاقوں کو دریافت کرنے اور تجربہ حاصل کرنے کے لیے یہ موسم ایک بہترین موقع فراہم کرتا ہے۔"

**امپائر سٹیٹ ڈویلپمنٹ کے نائب صدر اور ایگزیکٹو ڈائریکٹر برائے سیاحت Ross D. Levi نے کہا،** "ہر سال، ریاست نیویارک خزاں کے رنگوں کا ایک حیرت کدہ بن جاتی ہے۔ مسافروں کو رنگوں کے جوبن کا احوال بتانے والی سبزے کی ہماری ہفتہ وار رپورٹ سے لے کر، پرکشش مقامات اور کھانے پینے کے تجربات تلاش کرنے میں مددگار متعامل نقشوں تک، پاتھ تھرو ہسٹری والی ہفتہ وار تعطیل کے حصے کے طور پر ثقافتی تقریبات کی ایک متحرک فہرست تک، ملک میں طویل ترین اور حسین ترین سبزے کے ایک موسم سے بھرپور فائدہ اٹھانے میں مہمانوں کے لیے مددگار وسائل فراہم کرتے ہوئے، I LOVE NY کو خوشی محسوس ہو رہی ہے۔ ہم قریب اور دور دراز کے مہم جُو افراد کا خیر مقدم کرتے ہیں کہ اس سب کا حصہ بنیں اور ایک ایسی خزاں دریافت کریں جو یہاں ریاست نیویارک کی محبت کا اسیر بنا دے۔"

I LOVE NY خزاں کی ایک نئی تشہیری مہم بھی لانچ کر رہا ہے تاکہ خزاں کے سفر کی حوصلہ افزائی کی جائے، جس میں پوری ریاست نیویارک میں موسم کا مزہ اٹھانے کے کئی طریقوں میں سے چند ایک کو 30 سیکنڈ تک مقام کو مرکوز کرتے ہوئے نمایاں کیا گیا ہے۔ اس اشتہار میں موسم خزاں کی خاندان دوست پسندیدہ چیزیں شامل ہیں، جیسے کہ مقامی کھیتوں میں فصل کی کٹائی کی تقریبات، ہالووین کی پرکشش باتیں، چڑیا گھر اور سبزے میں ہائیکنگ، اس کے علاوہ کوپرسٹاؤن میں نیشنل بیس بال ہال آف فیم اور عجائب گھر، اور نیویارک شہر کے سینٹرل پارک جیسے مقامات۔ یہ مہم آج لانچ ہو رہی ہے، اور اس اشتہار کو یہاں دیکھا جا سکتا ہے۔

مزید برآں، ریاست کے کچھ تاریخی اور ثقافتی سفری مقامات کی نمائش کرنے کے لیے 8 سے 10 اکتوبر تک I LOVE NY پاتھ تھرو ہسٹری والی ہفتہ وار تعطیل کی میزبانی کرے گا۔ پاتھ تھرو ہسٹری کے اقدام میں ریاست بھر کے 700 سے زائد مقامات، پرکشش چیزوں اور جگہوں کا انتظام کرنے کے لیے 14 تھیمز کا استعمال کیا جاتا ہے۔ پاتھ تھرو ہسٹری کی ویب سائٹ پر نقشے، تھیم اور علاقے کے لحاظ سے مرتب کردہ مقامات کی صارف دوست فہرست، اور آپ کے سفر کی منصوبہ بندی میں مدد کے لیے سفر نامہ بنانے والا انتظام شامل ہے۔ 2022 کی پاتھ تھرو ہسٹری کی ہفتہ وار تعطیل کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

ریاست نیویارک میں سفر و سیاحت سے $85.5 بلین کا معاشی نفع حاصل ہوتا ہے اور ریاستی اور مقامی ٹیکسوں میں اتنا حاصل کر لیتا ہے کہ ریاست کے ہر گھرانے کے لیے سالانہ $1,000 سے زیادہ کی بچت ہو سکے۔ سیاحت اور میزبانی، ریاست کی تیسری بڑی صنعت ہے، جو نجی سیکٹر کی 11 ملازمتوں میں سے ایک ہے۔

**ریاستی سینیٹر José M. Serrano نے کہا،** "نیویارک میں، خاص طور پر ہمارے ریاستی پارکس اور تاریخی مقامات پر، خزاں کا موسم سال کا بےحد خوبصورت وقت ہوتا ہے۔ ہر طرف موسم خزاں کے روح پرور سبزے کے رنگوں کے ساتھ، ہمارے پارکوں کا دورہ کرنے اور بیرونِ خانہ کا زبردست تجربہ حاصل کرنے کے لیے واقعی اس سے بہتر کوئی وقت نہیں ہے۔ سال کے اس شاندار وقت کے دوران مہمانوں کو فطرت سے تعلق قائم کرنے میں مدد دینے کی خاطر I LOVE NY کی خزاں کے سبزے کی رپورٹس ایک بہترین ذریعہ ہیں۔"

**اسمبلی کے رکن Daniel J. O'Donnell نے کہا،** "نیویارک کی خزاں کے سبزے جیسی شاندار کوئی چیز نہیں ہے۔ زبردست نظارے اور ششدر کر دینے والے رنگوں کی شہرت کسی وجہ سے ہے! آپ فطرت کے عاشق ہوں یا شہر کے باسی، میں آپ کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ نیویارک کی خوبصورتی کا لطف اٹھائیں اور ہماری ریاست کے ہر کونے میں ناقابل یقین مقامی پرکشش مقامات دریافت کریں۔"

**Cristyne Nicholas، نیویارک اسٹیٹ ٹورازم ایڈوائزری کونسل کی صدر نے کہا،** "جیسا کہ مشہور گانا ہے، 'نیویارک کا موسمِ خزاں، یہ اتنا جاذب کیوں لگتا ہے؟' کیونکہ گورنر Hochul اور I LOVE NY کی ٹیم موسم خزاں کی ایک ایسی مہم کا آغاز کر رہے ہیں جو سیاحوں کی حوصلہ افزائی کرتی ہے کہ وہ راستے میں کچھ آسیبی سر پھرے گھڑ سواروں اور حیران کن مکئی کے سِٹوں سمیت، مونٹاؤک کی چوٹی سے لے کر نیاگرا فالز کے عجوبے تک، فن کے سب سے زیادہ رنگین کام کا تجربہ کریں۔ نیویارک کے لیے خزاں ایک اہم سیاحتی موسم ہے، اس لیے ملک کے سب سے بڑے اور بہترین ٹیکنی کلر نظاروں کے دامن میں آنے والوں کو خوش آمدید کہنے کی ان کوششوں کو ریاست کی سیاحتی صنعت واقعی سراہتی ہے۔"

نیویارک میں اپنی اگلی تعطیلات کی منصوبہ بندی میں مدد کے لیے، www.iloveny.com ملاحظہ کریں۔

**ریاست نیویارک کے بارے میں**
ریاست نیویارک چھٹیاں گزارنے کے لیے ایک اعلیٰ ترین مقام ہے جہاں عالمی سطح کے پرکشش مقامات، دلکش قدرتی خوبصورتی، مقامی طور پر تیار کردہ کھانے اور تخلیق کردہ مشروبات کا ترقی پاتا ہوا سلسلہ، متنوع رہائش، اور سال بھر کے دوران جاری رہنے والے مثالی تہوار اور تقریبات ہوتی ہیں۔ اس کے چھٹیاں گزارنے والے 11 متنوع علاقوں میں کچھ دنیا میں اعلی درجے کے ساحل ہیں؛ امریکہ کے تین پسندیدہ ترین ریاستی پارکس میں سے دو؛ دم بخود کر دینے والی نیاگرا فالز؛ کسی بھی دوسری ریاست سے بڑھ کر سکیئنگ کرنے کے علاقے؛ سبزے کا طویل ترین قومی موسم؛ متعدد ہالز آف فیم؛ شمالی امریکہ کی طویل ترین، تیز ترین اور بلند ترین زپ لائن؛ ریاست ہائے متحدہ امریکہ سے متصل سرکاری طور پر سب سے بڑا محفوظ کردہ علاقہ؛ اور ملک کی طویل ترین کثیر الاستعمال ٹریل شامل ہے۔ ریاست کے منفرد عجائب گھروں، تاریخی یادگار علامتوں، ثقافتی مقامات، خوبصورت چھوٹے قصبوں اور شہری کھیل کے میدانوں کو بھی شامل کر لیں، اور پھر نیویارک کو سفری و سیاحتی اشاعتوں اور ماہرین کی جانب سے مستقل طور پر منتخب بہترین مقام قرار دیا جانا کوئی تعجب کی بات نہیں ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418